معرکہ ہائے محراب و منبر سے روز بروز وسیع ہوتی جاتی ہے۔ ہم دونوں طرف کے "مجاہدین" سے گذارش کرتے ہیں کہ مولینا حنیف صاحب کی طرح ایک دوسرے کے ہاں سے وحدتِ فکر و تفقہ کی بنیادیں اور رسم و رنگ فتوے سے نکال کر سامنے لائیے۔ مفید نتائج کا راستہ صرف یہی ہے۔

ہم کیوں مسلمان ہوئے؟ | مرتبہ: پروفیسر عبدالغنی فاروق۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی منصورہ لاہور۔ ص ۴۳۲۔ قیمت درج نہیں۔

اس کتاب میں نمایاں مرتبے کے ۶۶ نومسلموں نے اپنے مضامین، انٹرویوز یا تقاریر میں اس سوال کا جواب دیا ہے کہ وہ کن احوال و مقامات سے گذر کر، کن وجوہ و اسباب سے دائرۂ اسلام میں داخل ہوئے۔ ان میں بہت سی شخصیتیں علمی دنیا میں ایک مقام رکھتی ہیں۔ ان میں اکثر لوگ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور بعض ڈاکٹر اور سائنس دان ہیں۔ ان میں اچھے اچھے گھرانوں کی لائق خواتین ہیں۔ کچھ لوگ عیسائی پادریوں اور یہودی راہبوں کے گھرانوں سے آئے ہیں۔ ایک بات ہم سب کو شرمسار کر دیتی ہے۔ یہ نومسلم حضرات قرآن اور اسلامی عبادات و اخلاق کی پابندی کے لحاظ سے بڑا مرتبہ رکھتے ہیں۔ میرے پاس زیادہ جگہ نہیں ورنہ خاص خاص شخصیتوں کے احوال و مسائل کا ذکر کرتا، اس کی گنجائش بھی نہیں کہ میں یہ بتاؤں کہ ان حضرات و خواتین کی اکثریت کی رائے مغربی تمدن اور معاشرت کے بارے میں کتنی یاس انگیز ہے۔

ZAKAT — LAW AND IJTIHAD | مؤلف: جناب ڈاکٹر محمد اختر سعید صدیقی۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی۔ قیمت: درج نہیں۔

اچھی انگریزی میں پیش کردہ یہ کتاب دراصل ایڈنبرگ یونیورسٹی میں پی۔ ایچ ڈی کے لیے لکھے ہوئے اس تحقیقی مقالے پر مشتمل ہے جس میں ابتدائی معیاری دور کے قانونِ زکوٰۃ کو پیش کیا گیا ہے۔ خاص بات یہ بھی ہے کہ (اسلام پر نشتر زنی کرنے والے) مشہور مستشرقین جن کی نگاہ میں ابتدائی دورِ اسلام (دورِ نبوت و خلافت) سب سے زیادہ دھندلا دور ہے